پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو ۔ کینیڈا

قیمت: [illegible]

جلد: ۹
شمارہ: ۷

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۲۲ جمادی الاول ۱۴۰۱ھ
۱۵ اپریل ۱۹۸۱ء

پیپلز پارٹی طیارے کے اغوا، تخریب کاری اور دہشت گردی میں ملوث ہے، ہم اس کے ساتھ نہیں رہ سکتے۔ تحریک استقلال، پی ڈی پی اور جمعیت العلمائے اسلام مجھ سے متفق ہیں

ایم آر ڈی کے چیئرمین سردار قیوم نے پارٹی کو معطل کر دیا

ہم محب وطن لوگوں کو گولی مارنے، بیگناہ شہریوں کی زندگی کو خطرہ میں ڈالنے، ان کے قانونی حقوق سلب کرنے، تخریبی کارروائیوں میں ملوث ہونے اور انتقام کی حمایت کرنے کیلئے خود کو استعمال نہیں ہونے دینگے۔ دہشت گردی کو چیلنج کیا، وہ فراہم نہیں کیا جا سکتا

ایم آر ڈی توڑ دی جائیگی، پیپلز پارٹی نکال دی جائیگی یا ہم نکل جائینگے

میرا یا تحریک بحالی جمہوریت کا نام بلیک میل کیا جائے ۲۳ مارچ کو احتجاج کی اپیل منسوخ ہو گئی

بیگم نے مشورے کیلئے نصرت بھٹو، نصراللہ اور اصغر خان سے ملاقات کی اجازت چاہی ہے

ہمارا مقصد صرف اسلام اور جمہوریت ہے، پیپلز پارٹی حفیظ اللہ امین کے انجام سے سبق حاصل کرے

[illegible]

مصطفیٰ جتوئی اور شیر باز مزاری سمیت متعدد رہنماؤں کو کراچی بدر کر دیا گیا

پیپلز پارٹی کے متعدد سرگرم کارکنوں کی گرفتاریاں

کراچی ـــــ تحریک بحالی

جمہوریت میں شامل جماعتوں کے متعدد ممتاز رہنماؤں کو کراچی بدر کرنے کے بعد انکے آبائی شہروں میں بھیج دیا گیا اور متعدد سیاسی کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا ... منتقل کر دیا گیا۔ این ڈی پی کے صدر سردار شیر باز مزاری کو کراچی سے نکال ... ڈیرہ غازی خان میں ان کے آبائی گاؤں ... میں ...

[illegible]

... کو پلیجو (عوامی تحریک) ... فیڈریشن) شامل ہیں۔ انھیں تین ماہ کے لئے نظر بند کیا گیا ہے۔

فضائی قزاقوں کو شام میں سیاسی پناہ نہیں دی گئی

انہیں جلد ہی جانا پڑے گا۔ ہم نے ۱۵ رہائشگان کو پناہ دی ہے۔ شام کے سرکاری ذرائع کی وضاحت

دمشق ـــــ ...

[illegible]



[illegible]

... اور دہشت گردی کا ساتھ نہیں دے سکتا۔

صدر ریگن پر قاتلانہ حملہ پر صدر ضیا کو صدمہ

اسلام آباد ـــــ صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ انہیں امریکہ کے صدر رونالڈ ریگن پر قاتلانہ حملے کی خبر سن کر بڑا صدمہ ہوا ہے۔ انہوں نے صدر ریگن کے نام اپنے پیغام میں ان کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔

تحریک بحالی جمہوریت میں شامل نہ ہوں


راولپنڈی ـــــ مولانا شاہ احمد نورانی

... تحریک بحالی جمہوریت میں شامل نہ ہوں ... اچھا نہیں ...



ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کی ... تحریک کے ساتھ ... کراچی ایئر پورٹ پر ...



جواد حسین شاہ ــــ لیاقت باغ فائرنگ اور قتل



منیر احمد وڑائچ ــــ غیر ملک کے لئے جاسوسی


احسان الحق محسن ــــ سرکاری طیارہ میں بم


جاوید حکیم قریشی ــــ لیاقت باغ فائرنگ اور قتل


قادر بخش جتوئی ــــ قتل، فائرنگ اور لوٹ مار


رہا شدگان بغاوت، جاسوسی اور قتل و غارتگری کے مجرم ہیں

ہمیرو لال کو ملک کے خلاف سازش اور جاسوسی پر ۱۴ سال کی سزائے قید سخت ہو چکی ہے۔ ڈاکٹر غلام حسین سمیت تین افراد لیاقت باغ فائرنگ کیس کے مجرم ہیں تخریبی سرگرمیوں کے ۱۲ مجرموں میں راشد ربانی، اور رجان عالم شامل ہیں

رہا شدگان میں چار افراد غداری اور بغاوت پر اکسانے کے مجرم ہیں


قادر بخش جتوئی قتل کا مرتکب ہوا، ظہیر علی خان غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث تھا








ڈاکٹر غلام حسین ــــ لیاقت باغ فائرنگ اور قتل





































شام نے طیارہ اغوا کرنیوالے مجرموں کو پاکستان کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا

دمشق (ریڈیو رپورٹ) شام کی حکومت نے پی آئی اے کا طیارہ اغوا کرنے والے تین مجرموں کو پاکستان کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ شام کے حکام نے بتایا ہے کہ ان مجرموں کو پاکستان کے حوالے اس لئے نہیں کیا جا سکتا کیونکہ شام اور پاکستان کے درمیان مجرموں کو ایک دوسرے کے حوالے کرنے کا کوئی معاہدہ نہیں۔ ان حکام نے بتایا ہے کہ طیارہ اغوا کرنے والوں کو صرف تب تک شام میں رہنے کی اجازت ہو گی جب تک وہ کسی دوسرے ملک میں منتقل ہونے کا فیصلہ نہیں کرتے۔ واضح رہے کہ کل صدر جنرل ضیاء نے بتایا تھا کہ حکومت پاکستان نے شام سے کہا ہے کہ طیارہ اغوا کرنے والے تینوں مجرموں کو پاکستان کے حوالے کیا جائے۔



ایم ایم سلیم اور دیگر عملہ کیپٹن سعید، بیگم سعید، بیٹی عائشہ اور پائلٹ حسن فرزانہ شریف طیارے کی پرجوش استقبال کرنے والوں کا جواب دے رہے ہیں

طیارے کو گیارہ بار موت کے خطرے کا سامنا کرنا پڑا: کیپٹن سعید


یرغمالی پنج وقتہ نماز کے علاوہ تہجد اور نوافل بھی ادا کرتے رہے، ہم بہتر مسلمان ہو گئے ہیں

کراچی ـــ رپورٹ ـــ ہم آج یہاں صرف خدا کے فضل سے موجود ہیں ...














رحمت اللہ انجم ـــ تخریبی لٹریچر کی اشاعت و تقسیم





پرویز شنواری ـــ روسی دانشوروں کی اسمگلنگ




جامع کلاتھ مارکیٹ پر بسوں کی آتشزدگی






















پاکستان سفارتخانہ کے سامنے مظاہرہ

لندن ـــ نامہ نگار ـــ آج تحریک بحالی جمہوریت میں شامل جماعتوں کی برطانوی تنظیم کے زیر اہتمام پاکستان میں عام انتخابات کے انعقاد اور عوام کے منتخب نمائندوں کو اقتدار منتقل کرنے، تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کرنے، سنسر شپ ختم کرنے، جمہوری و بنیادی حقوق بحال کرنے کا مطالبہ کرنے کیلئے یہاں پاکستان کے سفارتخانہ کے سامنے مظاہرہ کیا ...







اغوا شدہ طیارے کے کپتان اور عملے کیلئے طلائی تمغے اور نقد انعام

عملے کے تمام افراد نے جرأت اور احساس ذمہ داری کا اعلیٰ مظاہرہ کیا ہے: ایم ایم سلیم

کراچی ـــ پی آئی اے ـــ اغوا شدہ طیارے کے کپتان اور عملے کے دوسرے افراد کو اعلیٰ جرأت اور احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے ...

پاکستان میں عبوری آئین نافذ

سیاسی سرگرمیوں کی بحالی کے بعد صرف ۱۳ ستمبر ۱۹۷۹ تک رجسٹر شدہ سیاسی جماعتوں کو کام کرنے کی اجازت ہوگی

اسلامی نظریہ اور پاکستان کی سالمیت کی مخالف جماعتوں کو ممنوع قرار دے دیا جائے گا

کابل میں قومی ... کی کہانی

پاکستان میں افغان مہاجرین کی تعداد

سابق آمر جنرل یحییٰ بختیار کو ۵ سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا

بالواسطہ اور بلاواسطہ طور پر ... کے تقدس کو پامال کرنے کا جرم ثابت ہو گیا



یحییٰ بختیار کو سنٹرل جیل بھیج دیا گیا

انسان کو گولی نہیں انسان ہلاک کرتا ہے

اسلحہ رکھنے کی آزادی کا حامی امریکی صدر خود گولی کا نشانہ بن گیا

جماعت اسلامی جمہوریت کی پر امن بحالی کے حامی ہے

لاڑکانہ ———— کالعدم جماعت اسلامی کے سابق سیکرٹری جنرل قاضی حسین نے کہا ہے کہ دائیں بازو کی جماعتوں کے درمیان جمہوریت کی پرامن بحالی اور اسلامی کا اعلامیہ [illegible] انہوں نے مولانا [illegible] کی موجودگی میں اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے تحریک بحالی جمہوریت پر شدید تنقید کی اور الزام لگایا کہ اس نے تشدد کا راستہ اختیار کیا ہے جو ملک کے لئے خطرناک ہے انہوں نے کہا کہ تحریک بحالی جمہوریت کی سرگرمیوں کو کوئی محب وطن شخص پسند نہیں کر سکتا انہوں نے کہا کہ کالعدم جماعت اسلامی صرف پرامن ذریعہ سے ہی بحالی جمہوریت کی حامی ہے وہ تشدد کے خلاف ہے انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت نے تحریک بحالی جمہوریت کے اعلامیہ پر دستخط نہیں کئے کیونکہ اس میں پیپلز پارٹی شامل ہے جبکہ جماعت اسلامی نے اس پارٹی کے خلاف قومی اتحاد میں حصہ لیا تھا۔

مولانا نورانی کی طرف سے ہم خیال جماعتوں کے اتحاد کا خیر مقدم

کراچی ———— جمعیت علماء پاکستان کے سربراہ مولانا شاہ احمد نورانی نے جو آجکل جنوبی افریقہ کے دورہ پر ہیں پاکستان کے اتحاد، سالمیت و استحکام کے لئے ہم خیال جماعتوں کے اتحاد کا خیر مقدم کیا ہے۔ [illegible] اپنے بیان میں کہا ہے کہ ملک دشمن طاقتوں کا مقابلہ کرنے کے لئے ایسا اتحاد ضروری ہے۔ مولانا شاہ احمد نورانی ۱۵ اپریل تک جنوبی افریقہ میں رہیں گے انہوں نے کہا کہ وہ جنوبی افریقہ کے تبلیغی دورہ پر ہیں۔

بیگم نصرت بھٹو اور بے نظیر بھٹو کی درخواستوں کی سماعت ملتوی

کراچی ———— سندھ ہائیکورٹ کے ڈویژن بنچ نے بیگم نصرت بھٹو اور مس بے نظیر بھٹو کی طرف سے دائر کردہ آئینی درخواست کی سماعت ۱۶ مارچ تک ملتوی کر دی۔ اس درخواست میں انہوں نے اپنی نظربندی کو چیلنج کیا ہے۔ آج جب سماعت شروع ہوئی تو ایڈووکیٹ جنرل سندھ نے عدالت کو بتایا کہ انہیں ابھی حکومت کی طرف سے ہدایات نہیں ملیں اس لئے سماعت ملتوی کر دی جائے۔ بیگم نصرت بھٹو اور مس بے نظیر بھٹو کی طرف سے عدالت میں ایک اور درخواست دائر کی گئی جس میں استدعا کی گئی کہ ۴ اپریل کو سابق وزیر اعظم مسٹر بھٹو کی دوسری برسی پر قبر پر فاتحہ خوانی کرنے کی اجازت دی جائے۔ عدالت نے اس درخواست پر ابھی کوئی فیصلہ نہیں دیا۔

آزاد کشمیر میں سیاستدانوں کی گرفتاریاں ہائیکورٹ نے حکومت کو نوٹس جاری کر دیا

میرپور ———— آزاد کشمیر ہائیکورٹ نے متعدد ممتاز سیاستدانوں اور سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں کے سلسلے میں حکومت کو نوٹس جاری کئے ہیں۔ ان میں سے سردار الطاف، راجہ افضل اور سردار سکندر ساکن میرپور کوٹ ضلع پونچھ کی درخواست کی سماعت کے لئے ۲۹ مارچ کی تاریخ مقرر کی ہے۔ ان درخواستوں میں الزام لگایا ہے کہ حکومت نے درخواست گزاروں کو کسی وجہ کے بغیر گرفتار کر لیا ہے۔

اتحاد، یقین اور تنظیم کا شاندار مظاہرہ

پشاور ———— [illegible] شدہ طلباء کے [illegible]

[illegible] نے کہا ہے کہ [illegible] بنائے جانے کے بعد [illegible] اتحاد، یقین اور تنظیم کا شاندار مظاہرہ دیکھنے میں آیا [illegible]



[illegible] پشاور پہنچنے کے بعد ایک انٹرویو میں کہا کہ جب انہیں [illegible] جنگ کے دوران کی یاد دلادی طیارے میں مسافروں نے [illegible] وقت کی نماز پڑھی حتیٰ کہ عورتوں نے بھی طیارے میں پڑھی گئی۔ یہ اللہ کی ذات پر یقین ہی تھا جس نے [illegible] کا حوصلہ بخشا۔

مارشل لا کا نیا حکم آمرانہ ہے — عبدالستار نیازی

لاہور ———— جمعیت علماء پاکستان کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالستار خان نیازی نے عبوری آئین کے حکم مجریہ ۱۹۸۱ء کے نفاذ کی مذمت کرتے ہوئے اسے "غیر جمہوری آمرانہ" قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حکم کے ذریعہ نہ صرف تمام بنیادی حقوق سلب کر لئے گئے ہیں اور جماعتی قیود کو کالعدم بنا دیا گیا ہے بلکہ عدلیہ سے اس کا وقار چھین لیا گیا ہے۔ انہوں نے اس حکم پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس حکم کے نفاذ سے ان عناصر کا مقابلہ کرنے میں مدد نہیں ملے گی جو قومی مفاد کیخلاف سرگرم عمل ہیں۔ وہ عناصر سیاسی میدان میں اپنے مخالفین کو چیلنج کئے بغیر خفیہ طور پر سرگرم عمل رہیں گے۔ اس حکم کا بعض نے خیر مقدم بھی کیا ہے سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج مسٹر جسٹس بی۔ کیکاؤس نے صدر جنرل ضیاء کو مشورہ دیا ہے کہ وہ مجوزہ مجلس شوریٰ میں سیاسی عناصر کو شامل نہ کریں۔

پندرہ روزہ
البلاغ
ٹورانٹو کینیڈا
اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝
خبردار! اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

سنسر شپ ختم کیجئے

انجمن مدیران اخبارات کی مجلس قائمہ نے مطالبہ کیا ہے کہ اخبارات سے سنسر فوراً ہٹا لیا جائے اور اخبارات کے طرزِ عمل کو عالمی سلّمات اخلاق کا پابند کرنے کے لئے حکومت اور انجمن کے درمیان ہونے والے سمجھوتے پر جلد از جلد عملدرآمد کیا جائے۔

ہم انجمن کے اس مطالبہ کی تائید کرتے ہیں۔ ان تمام وجوہ اور اسباب کی بناء پر بھی جو اس قرارداد میں مذکور ہوئے اور اس لئے بھی کہ سنسر سے پہلے اگر حکومت کو اخبارات سے غیر متوازن، غیر ذمہ دارانہ اور غیر منصفانہ طرزِ عمل کی شکایت تھی تو سنسر کے تجربہ کے بعد اس قسم کی شکایات سنسر پر عملدرآمد کے سلسلے میں اخبارات کو حکومت سے بھی لاحق ہوئی ہیں چنانچہ اس کے بعد کسی فریق کے خلاف یکطرفہ پابندیوں کا کوئی جواز نہیں۔ سنسر لگانے کا فیصلہ وفاقی حکومت کا ہے مگر اس کو نافذ کرنے کی ذمہ داری صوبائی حکومتوں کو سونپ دی گئی ہے۔ چنانچہ صوبائی سطح پر سنسر کا جس جس طرح نفاذ اور استعمال ہوا ہے اس نے حکومت کے مختلف اجزائے ترکیبی کے امتیازات اور تضادات کو بہت زیادہ نمایاں کیا ہے۔

ایک چیز پنجاب میں سنسر نہیں ہوتی یا سندھ میں سنسر ہو جاتی ہے۔ سندھ میں سنسر نہیں ہوتی بلوچستان میں سنسر ہو جاتی ہے یا دوسرے صوبوں میں چھپ جاتی ہے تو سرحد میں سنسر کر دی جاتی ہے۔ پورے ملک میں سنسر ہو جاتی ہے تو بیرونی ذرائع ابلاغ سے نشر ہو جاتی ہے۔

اس سب صورتحال کے تجزیئے سے نہ تو سنسر کا کوئی معقول جواز ملتا ہے اور نہ اس کے منصفانہ نفاذ کی کوئی صورت نظر آتی ہے۔ چنانچہ یہ بات بالکل درست ہے کہ سنسر شپ کے مسلسل نفاذ نے ہمارے ذرائع ابلاغ کی ساکھ اور اعتماد کو ناقابلِ تلافی نقصان ہی نہیں پہنچایا بلکہ وزارتِ اطلاعات کا ایک خاص عنصر اس سنسر کو اس طرح استعمال کر رہا ہے کہ اس سے نوکر شاہی کے مقاصد پورے ہو رہے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے اہلکاروں اور حکام کو تحفظ مل رہا ہے اور اخبارات ان کی بدعنوانیوں اور ناکارکردگیوں کی اصل کیفیت سامنے لانے سے معذور ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ بنابریں ہم سنسر کی پابندیوں کو بے معنی سمجھتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ پابندیاں اٹھا کر اس معاہدے پر عمل کیا جائے جو انجمن مدیران جرائد اور حکومت کے درمیان ڈیڑھ سال پہلے طے پا چکا ہے۔

کیا یہ سیاست نہیں؟

حال ہی میں وفاقی کابینہ کے بعض وزراء نے موجودہ صورتحال کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ ۲۱ مارچ کے اخبارات میں شائع شدہ ایک تقریر میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات راجہ ظفر الحق صاحب نے فرمایا ہے کہ عوام ملک دشمن عناصر کو ختم کرنے اور قومی سیاست کو گندگی سے پاک کرنے کی کوششوں میں حکومت کی مکمل حمایت کریں۔ یہ اپیل انہوں نے ایک جلسہ عام سے فرمائی ہے۔ ایک دوسرے وفاقی وزیر جناب غلام دستگیر خان صاحب نے اسی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ حکومت کو عوام کا مکمل اعتماد حاصل ہے۔ کیونکہ جیسے راجہ ظفر الحق کے جلسہ کا پُرجوش خیر مقدم یا اظہار مسرت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا آج کے استقبال سے حکومت کی مقبولیت ثابت ہو گئی ہے اور ثابت ہو گیا ہے کہ ہم عوام کے حقیقی نمائندے ہیں۔ ایک تیسرے وزیر امور کشمیر و شمالی علاقہ جات ریٹائرڈ میجر جنرل جمال دار نے کہا کہ میرا کسی سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور کسی نوعیت کی سیاست سے میرا واسطہ ہے کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ سیاسی پارٹیاں صرف کرسی حاصل کرنے کے لیے کام کرتی ہیں۔

ملک میں سیاست پر مکمل پابندی ہے۔ ہم سیاست پر کچھ نہیں لکھ سکتے کوئی پارٹی یا اس کے لیڈر سیاسی بیانات نہیں دے سکتے وغیرہ وغیرہ۔ یہ وہ حقائق ہیں جو مختلف مارشل لاء ضابطوں کے ذریعے عوام و خواص سب تک پہنچائے گئے ہیں۔ مگر ——— وزراء ——— سیاسی حال بھی فرما رہے ہیں اور سیاسی بیانات بھی دے رہے ہیں۔ مثلاً سیاستدانوں کو ایسا جلسہ کرنا منع ہے کہ جس میں صرف سیاسی تقریریں ہوں۔ کیونکہ ایسے جلسے کا اہتمام سیاسی عمل میں آتا ہے۔ مگر راجہ ظفر الحق اور غلام دستگیر صاحب نے اس ممانعت سے استثنیٰ رہنا کیسے حاصل کر لیا ہے ——— ؟ سوال یہ ہے کہ یہ اظہار خیال کیا سیاسی اظہار خیال کے زمرے سے باہر ہے ———؟

تیسرے وزیر ریٹائرڈ میجر جنرل جمال دار صاحب نے فرمایا ——— کہ سیاسی پارٹیاں صرف کرسی حاصل کرنے کے لیے کام کرتی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اس میں ہرج یا عیب کی بات کیا ہے ——— ؟ یہ مقصد تو ہر سیاسی پارٹی کا جواز وجود ہی ہے۔ دنیا میں کوئی بھی جمہوری ملک ایسا ہے کہ جہاں سیاسی جماعتیں کرسی کے حصول کے لیے کام کرتی ہیں۔ ہر سیاسی جماعت اس شرط کے ساتھ اپنا سیاسی پروگرام پیش کرتی ہے اپنا منشور اور لائحہ عمل سامنے لاتی ہے کہ اسے اقتدار حاصل ہوگا تو وہ یہ یہ کرے گی چنانچہ پروگرام اس مسئلے سے مشروط ہے کہ جب اقتدار آئے گا تو عمل آئے گا اس لیے سیاسی جماعت کرسی حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرے گی تو اور کیا کرے گی۔ کسی بھی سیاسی پارٹی کی طرف سے ایسی کوشش مذموم نہیں ہو سکتی۔

وزیر موصوف اپنے بارے میں کہتے ہیں یعنی یہ کہ وہ ان کا کسی سیاسی پارٹی سے کوئی تعلق ہے اور نہ کسی نوعیت کی سیاست سے کوئی واسطہ ہے یہ خوبیاں نہیں خامیاں ہیں۔ کس نوعیت کی سیاست سے واسطہ نہ ہونا یہ معنی رکھتا ہے کہ وہ کوئی منظم پروگرام نہیں رکھتے اور نہ رکھنا چاہتے ہیں۔ یہ کون سی اچھی بات ہے ———!

ہم وزرائے گرامی سے عرض کریں گے کہ بیانات کی اس طغیانی سے سیاسی عمل کا خلا پورا نہیں ہو سکتا۔ اصل مسائل سے عوام کی توجہ نہیں ہٹ سکتی۔ زمانے کی رفتار کی باگ کسی کی مرضی میں تبدیل نہیں ہو سکتی۔ خدا کا واسطہ ہے وقت اور حالات کے تقاضوں اور تیوروں کو سمجھئے۔ بیانات چھوڑیئے۔

روزنامہ جسارت کراچی



خطاطی: آفتاب احمد (راولپنڈی)

نعتِ سرورِ کونین : گفتار خیالی

بابِ حریمِ ناز یا غارِ حرا کا رنگ
ہر سو تعینات میں تیری ادا کا رنگ

وہ شہرِ علم جس کے در و بام نور نور
بابِ نظر پہ چھایا ہے ارض و سما کا رنگ

اس رنگ سے بنا ہے ہر اک رنگ کا خمیر
سورج کا، چاند تاروں کا، ارض و سما کا رنگ

جس نے کیا جمالِ محمدؐ سے اکتساب
لاریب اس کے دل نے لیا اولیا کا رنگ

جن دلبروں میں تیری اطاعت کی ہے تڑپ
باب حرم کا لائق ہے تیری ادا کا رنگ!

عزمِ خلیل سے تا سرِ خاکِ کربلا
پھیلا ہوا ہے آپ کے صبر و رضا کا رنگ

آدمؑ سے تا بہ مہدیِؑ آخر زماں ہے تو!
سینا سے تا بہ عرش ہے تیری عطا کا رنگ

گفتار کی دعا ہے ترے در سے گر ملے
جبریلؑ کی نگاہ عقیدت نما کا رنگ

اسلام اور زندگی کے مسائل

کیا میری نماز ہو گئی

(منظور حسین مانچسٹر)

س: ———— میں مغرب کا وقت ہو گیا۔ میں نے ریلوے اسٹیشن پر نماز کی غرض سے ایک مناسب جگہ پر نماز ادا کر لی۔ میں ابھی دعا مانگ رہا تھا کہ ایک اور مسلمان بھائی آ گئے ان کے پاس Compass (قطب نما) تھا۔ انہوں نے کمپاس کی مدد سے قبلہ شریف کی سمت معلوم کی اور مجھ سے مختلف سمت میں رخ کر کے نماز پڑھنے لگے۔ مجھے اپنی نماز پر شک ہو گیا۔ میں نے بھی انہی کی سمت میں رخ کر کے دوبارہ نماز پڑھ لی۔ مگر دل میں خیال رہا کہ علمائے کرام سے مسئلہ پوچھوں گا کہ فقہ کے لحاظ سے میری پہلی نماز ادا ہو گئی تھی یا نہیں اور اگر سفر میں ایسی صورت پیش آ جائے اور اپنے پاس کمپاس بھی نہ ہو تو کیا کرنا چاہیے۔

ج: آپ کی پہلی نماز ہو گئی تھی۔ فقہ میں اس مسئلے کو تحری کہتے ہیں۔ یعنی بحالت مجبوری ایسی صورت میں اچھی طرح غور کر لینا کہ قبلہ کی سمت کون سی ہو سکتی ہے اور جس سمت میں دل جمے ادھر رخ کر کے نماز پڑھ لے۔ نماز ہو جائے گی۔ خواہ بعد میں معلوم ہو کہ اس نے بالکل الٹی سمت میں رخ کیا تھا۔

نماز اگر قضا ہو جائے تو۔

(مجید عالم، راچڈیل)

س: صبح جب میری آنکھ کھلی تو فجر کی نماز کا وقت ختم ہو چکا تھا۔ مجھے سخت افسوس ہوا۔ اور میں نے قضا نماز پڑھنے کا ارادہ کیا مگر مجھے مسئلہ معلوم نہیں تھا۔ براہ کرم مہربانی فرما کر میری راہنمائی فرمائیں۔

ج: حدیث شریف میں آیا ہے (ترجمہ) کہ جو نماز کے وقت سو جائے یا بھول جائے تو جب یاد آئے پڑھ لے کیونکہ وہی اس کا وقت ہے (بخاری و مسلم) لہٰذا جس وقت آنکھ کھلے نماز پڑھ لینی چاہیے۔ بشرطیکہ وقت مکروہ نہ ہو۔ مکروہ وقت سورج طلوع ہونے کے بعد سے تقریباً ۲۰ منٹ تک ہوتا ہے۔ اور اگر زوال سے پہلے فجر کی نماز قضا کرے تو سنت اور فرض، بعد زوال صرف فرض قضا کرنے چاہئیں۔ بے خبری کی وجہ سے نماز قضا ہونے سے آدمی گناہگار نہیں ہوتا۔ مگر یاد آنے پر فوراً پڑھ لینی چاہیے۔ ——————

نومولود کے کان میں اذان کا مسئلہ

(اکرم، دیوبی)

س: ہمارے ہاں نوزائیدہ بچے کے کان میں اذان دینے کی رسم کس طرح ادا کی جائے؟ ———— کیا طریقہ ہے۔

ج: نومولود کے کان میں اذان کہنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ دائیں کان میں عام طریقے سے اذان کہے اور بائیں کان میں اقامت یعنی حی علی الفلاح کے بعد دو مرتبہ قد قامت الصلوٰۃ کہے اس کے بعد باقی اذان پوری کرے۔

اے اہلِ قلم اے اہلِ قلم

گوہر ملیسانی

قدرت کی عطا ہے ذہنِ رسا
ادراک و تخیل، فہم و ذکا
احساس کی دولت، حسن و ضیا
حق بات سے پھر یہ نفرت کیوں؟
اے اہلِ قلم اے اہلِ قلم

پردیس جہاں تم رہتے ہو!
دکھ درد کبھی نہ سہتے ہو!
دھرتی کو ماں بھی کہتے ہو!
اس دیس سے پھر یہ وحشت کیوں؟
اے اہلِ قلم اے اہلِ قلم

اغیار پہ جب آفت آئے!
اک درد اٹھے اور تڑپائے
ہر آنکھ بھی شعلے برسائے
افغان سے پھر یہ غفلت کیوں؟
اے اہلِ قلم اے اہلِ قلم

دھن دولت کا بیوپار کرو!
اسلام پہ کیا کیا وار کرو!
الحاد پہ جاں دو پیار کرو!
دشمن سے پھر یہ الفت کیوں؟
اے اہلِ قلم اے اہلِ قلم

بھارت میں مسلماں ہیں لرزاں
بیت المقدس، افغانستاں
ہیں ظلم و ستم پہ نوحہ کناں
اس ظلم کی تم کو چاہت کیوں؟
اے اہلِ قلم اے اہلِ قلم

تم سرخ جہاں کے دانش ور!
[illegible]
خاموش ہیں لب سے کیف نظر
اس حال میں پھر یہ حسرت کیوں؟
اے اہلِ قلم اے اہلِ قلم

[illegible]

تازہ بہ تازہ نو بہ نو

[illegible]

بھارت میں کتابوں کی اشاعت

[illegible]

۱۹۸۰ء کے بہترین افسانے

[illegible]

نئی غزل

[illegible]

سزا

جاذب قریشی

زندگی دھوپ میں
عمر بھر میں جھلستا رہا
آندھیوں کے بجھانے کو
زندہ چراغوں میں جلتا رہا

جیسے
شعلہ کوئی برف میں ڈوب کر
اپنی سچی حرارت کو تحلیل کرتا ہے

جیسے
چہرہ کوئی خال و خد اپنے
تبدیل کرتا ہے

اب مرے جسم و جاں
بجھ رہے ہیں تو میں
اپنی سچائیوں کے کنارے کھڑا ہوں
مگر پوچھتا ہوں
کہ میں کون ہوں

اور مجھ کو یہ کیسی سزا دی گئی ہے
کہ خود میری مٹی ہی میرے لیے اجنبی ہے۔

ایک غیر ملکی سیاح کا سفر نامہ لاہور

روزن دیوار سے

عطاء الحق قاسمی

حریت کی ایک مثال

[illegible]

ایک انڈو پاک مشاعرہ

[illegible]

ایک مستحسن رواج

[illegible]

کیشئیر کی دھوپ

[illegible]

استقبال انگیز شعر

[illegible]

اولاد نرینہ کے لیے برتھ

[illegible]

غزل

عبدالعزیز خالد

دیکھ کر ہر روئے زیبا کو مچل جاتا ہے دل
موم کی مانند سینے میں پگھل جاتا ہے دل

بار در آیا آشنا کو ناشناسا دیکھ کر
کتنا طوطا چشم ہے کیسے بدل جاتا ہے دل

مجھ سے کیا پیتے ہو اس کی پردہ گردی کا سبب
چھوڑ کر مجھ کو اکیلے ہی نکل جاتا ہے دل

گو گرانباری کرے اس پر نزولِ غم مگر
خود بخود آہستہ آہستہ سنبھل جاتا ہے دل

جس کی نہ پلنے میں سرگرداں تا بہ بروں نغمہ
باتوں باتوں میں وہ خفیہ چال چل جاتا ہے دل

بے قلم اس کی لاشت اس کا تکلم بے سخن
دور و نزدیک ہر ایک پیچ میں دھل جاتا ہے دل

چشم آکاس کی تابہ دریں دو دانش پر ہے
دوست دشمن سب کا ہو قریب کہ چل جاتا ہے دل

چہرہ شرمگیں کا غصے سے اٹھا کیا
پھر بھی جلنے جا دیکھا کیوں مچل جاتا ہے دل

اندرون شہر تن پہرے میں رہتا ہے مگر
کوئی عیار تک کے چپکے سے نکل جاتا ہے دل

حرم دھن کے قدم ہیں خون بہانے کے لیے
کاکل ان کے تفرقے چہرہ پہ جل جاتا ہے دل

گاہ خارمیں نزوضے کی نخت و تاج بھی
گاہ طفلانہ کھلونوں سے بہل جاتا ہے دل

گرمِ سموم جور زمانہ کی دم عیسیٰ اسے
اور گہ لمس محبت سے بھی جل جاتا ہے دل

شہرِ دنیا کی دنیا سے تو ایک عمر رہ چکے
اور اگر غالبا اے خالد تو مل جاتا ہے دل



قزاق ٹیپو کو ۴ ماہ تک کابل میں گوریلا تربیت دی گئی

ٹیپو اور ناصر قتل، اقدام قتل، چوری اور ڈکیتی جیسے بے شمار جرائم میں ملوث ہیں۔ دونوں ہائی جیکرز کی فہرست جرائم

متعدد مقدمات میں دونوں قزاقوں کو مفرور مجرم قرار دیا جا چکا ہے

انہیں جرائم کے باوجود ٹیپو کو گرفتار کیوں نہیں کیا گیا؟ ۳ مختلف اداروں نے تحقیقات شروع کر دی

سیاسی سرگرمیوں میں سات سیاسی جماعتیں حصہ نہیں لے سکیں گی

سیاسی سرگرمیوں میں ... جن سات سیاسی جماعتوں کو حصہ لینے کی اجازت نہیں ہو گی ان میں ... تحریک استقلال، جماعت اسلامی، مسلم لیگ (پگاڑا گروپ)، پاکستان مسلم لیگ (خواجہ خیر الدین گروپ)، جمعیت علمائے اسلام، جمعیت علمائے پاکستان، خاکسار تحریک اور پاکستان پیپلز پارٹی شامل ہیں۔

بکنگ کے بارے میں فتویٰ

تہران (ذرائع) ایران کے ممتاز عالم آیت اللہ حسین علی منتظری نے فتویٰ دیا ہے کہ بکنگ کا کھیل اسلام کی رو سے قابل قبول ہو سکتا ہے بشرطیکہ ...

مرتضیٰ بھٹو نے جن افراد سے انتقام لینے کی قسم کھائی ہے ان میں ایم آر ڈی کے بعض لیڈر بھی شامل ہیں

شام کے محرم میں کو پیادہ نہ دی توان کی جائیں لی جائے گا، ذوالفقار کے اخبار کا انکشاف

طیارہ اغوا کرنے والوں کے بھائیوں کو رہا کر دیا گیا

رہا ہونے والوں کے خلاف شہادت ناکافی تھی

کراچی (پی پی آئی) ... طیارہ اغوا کرنے والے دو دہشت پسندوں سلام اللہ ٹیپو اور ناصر جمال کے زیر حراست بھائیوں کو رہا کر دیا گیا۔

لاہور ہائی کورٹ نے ۲۵ نظر بندوں کی درخواستیں خارج کر دیں

ڈویژن بنچ نے اخبارات پر سنسرشپ کے خلاف درخواست بھی مسترد کر دی

پاکستان میں عام انتخابات کرانے کیلئے اقتدار چیف جسٹس کے سپرد کر دیا جائے

کراچی کے وکلا اور پاکستان بیرسٹرز ایسوسی ایشن برطانیہ کی طرف سے حکم کی مذمت

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

سعودی عرب میں مقیم ۲۷ سالہ پاکستانی لڑکے کے لیے رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکے کا بھائی ٹورانٹو میں مقیم ہے۔ اس لیے کینیڈین امیگرنٹ لڑکی کا رشتہ قابل ترجیح ہوگا۔ تفصیلات کے لیے فون کیجئے۔

(416) 281-9864

کینیڈین شہریت رکھنے والی شریف الخاندان مسلم سنت الجماعت قبول صورت دوشیزہ کے لیے اندرون ۲۵ سالہ انجینئرنگ یا سائنس گریجویٹ یا طالب علم کا رشتہ مطلوب ہے۔ خواہشمند حضرات مکمل تفصیلات سے آگاہ کریں۔

786 c/o Al-Hilal

کارپٹ برائے فروخت

عمدہ کوالٹی کی استعمال شدہ کارپٹ اچھی حالت میں فروخت کی جا رہی ہے۔ رنگ بروری مائل سبز۔ سائز 9x12۔ فون کیجئے۔

493-4374

پاکستانی فلمیں برائے نمائش

کینیڈا اور امریکہ میں تازہ ترین ہماری پاکستانی فلموں کی نمائش کے لیے ہم سے رجوع کیجیے۔

EVERNEW FILMS
(315) 476-7750

وفاقی شرعی عدالت

اگلے عام انتخابات

آئین میں ترمیم اور فوج کے رول

جنرل ٹکا خاں کی نظر بندی

وفاقی شرعی عدالت نے سنگسار کرنے کی سزا رجم کو حدود سے خارج اور اسلام کے منافی قرار دیدیا

جسٹس آفتاب حسین کی طرف سے رجم کو تعزیر کی حیثیت سے برقرار رکھنے کی حمایت

جسٹس شاہ نواز سپریم کورٹ کے جج ہوگئے

علامہ مشرقی کے بیٹے پر چرس رکھنے کا الزام

اگلے عام انتخابات غیر جماعتی بنیاد پر منعقد ہوں گے

آئین میں ترمیم اور فوج کے رول کے بارے میں تجاویز ریفرنڈم کے لئے پیش کی جائیں گی

یاسر عرفات نے بھٹو میڈل قبول کرنے سے انکار کر دیا

پاکستان کی داخلی سیاست میں دخل دینا نہیں چاہتا



یاسر عرفات

جنرل ٹکا خان کی نظربندی

ڈی سی ایس آئی شرفی اور بوئنگ ۷۰۷ کے اغوا کے دن ایک ہی عملہ ڈیوٹی پر موجود تھا

بعض مسلمان میں اندرون ملک تخریبی عناصر اور بیرون ملک ان کے سرپرستوں کے درمیان پیغام رسانی کا کام انجام دے رہے ہیں

۵۴ قیدی دمشق لے جانے والے طیارے میں مخصوص اسلحہ بھیجے گئے

ضیاء الرحمن دمشق سے خفیہ پیغام لے کر پشاور آیا اور پھر کراچی سے دوبئی روانہ ہو گیا

جنرل منیجر آور نے بھیجنے سے انکار کیا تو ایک با اثر شخص نے "سوپی" بنا کر عملہ میں شامل کروایا


کراچی کنٹرول ٹاور سے پوری کارروائی کا بل میں تخریب کاروں کو پیشگی پہنچا دی جاتی تھی

زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے قومی ہاکی ٹیم کا اعلان

منظور الحسن کو دوبارہ ٹیم میں شامل کر لیا گیا

ٹیم میں پانچ نئے کھلاڑی شامل ہیں، اختر رسول اور صبیح اللہ پر مشتمل ٹیم کے کپتان اور نائب کپتان ہوں گے۔


صبیح اللہ


اختر رسول

ہائی جیکر سلام اللہ ٹیپو اور ناصر جمال قتل، اقدام قتل، مجرمانہ حملوں اور چوری کے متعدد مقدمات میں مطلوب ہیں

حافظ اسلم کے قتل اور دیگر مقدمات میں دونوں کو مفرور قرار دیا گیا ہے

ٹیپو نے ایک شخص کو اغوا کر کے اس کے جسم کو سگریٹوں اور ماچس سے داغا

شہر میں صدر کا ضبط کر لی گئی

نیتو سنگھ نے فلمی دنیا چھوڑ کر بیوٹی پارلر کھول لیا

پارلر پر اداکارہ کو دیکھ کر تماشائیوں کا ہجوم ٹوٹ پڑا

زینت امان کی ماں
تین شوہروں کی بیوی تھی
اداکارہ نے اپنا نام بدلنے سے انکار کر دیا


نیتو سنگھ


زینت امان

بھارت کے مسلمانوں کی زبوں حالی اور مسلم رہنماؤں کی بے بسی

شاہد مسعود

محکمہ	کل ملازمین	مسلمان	تناسب فیصد
۱۔ ڈیفنس	۲ہزار	۷۰	۰٫۷
۲۔ فائنانس	۸ہزار ۱۰۰	۲۱۰	۲٫۷۵
۳۔ ریلوے	۷ہزار	۱۵۰	۲٫۱۴
۴۔ ڈاک و تار	۳ہزار ۲سو	۴۰	۱٫۲۴
۵۔ مرکزی سیکرٹریٹ	۶ہزار ۳سو	۱۵	۰٫۲۵
۶۔ وزارت خارجہ	۲ہزار	۵۰	۲٫۵
۷۔ صحت عامہ	۲ہزار	۱۴	۰٫۷
۸۔ معدنیات	۱۵سو	۳۵	۲٫۳۳
۹۔ آبپاشی	۸۰۰	۱۰	۱٫۲۵
۱۰۔ اطلاعات و نشریات	۵۵۰	۲۰	۳٫۶۴
۱۱۔ سول ہوابازی	۵سو	۱۴	۲٫۸
۱۲۔ سپلائی	۲۵۰	۵	۲٫۰
۱۳۔ جہاز رانی	۲۵۰	۵	۲٫۰
۱۴۔ صنعتی ترقی	۱۰۰	۵	۵٫۰
۱۵۔ تعلیم	۴۵	—	—
۱۶۔ قانون	۴۰	—	—
۱۷۔ امور پارلیمنٹ	۵۰	—	—
۱۸۔ بیرونی معاملات	۱۰۰	۵	۵٫۰
۱۹۔ صدارتی سیکرٹریٹ	۵۰	۱	۲٫۰
کل میزان	۳۹ہزار ۳۴۵	۶۷۷	۱٫۷

ڈبلیو ڈبلیو ہنٹر کے مطابق ۱۸۶۹ء میں مسلم افسران

محکمہ	ہندو ملازمین	مسلم ملازمین	مسلم تناسب فیصد
۱۔ اسسٹنٹ کمشنر	۶	—	—
۲۔ ڈپٹی کلکٹرز	۱۱۳	۳۰	۲۶٫۵
۳۔ انکم ٹیکس افسران	۳	—	—
۴۔ منصف	۱۱۸	۳۷	۳۱٫۳
۵۔ جج خفیفہ	۲۶	۸	۳۰٫۳
۶۔ پولیس افسران	۳	—	—
۷۔ پی ڈبلیو ڈی انجینئر	۱۹	—	—
۸۔ پی ڈبلیو ڈی اکاؤنٹس	۵۴	—	—
۹۔ ماتحت افسران	۱۲۵	۴	۳٫۲
۱۰۔ صحت عامہ	۶۵	۴	۶٫۱
۱۱۔ تعلیم عامہ	۱۴	۱	۷٫۱
کل میزان	۵۸۴	۸۴	۱۴٫۳

بہاری کے کنٹرولر جعفر کوئی شجاعت غلط بیانی سے کہا کہ ... "مقصود بھی اور بجی تسلیم" ... نے فرمایا کہ پانچ سو ممبران پارلیمنٹ میں سے مسلمان ...

...

اندرا جی سے گفت و شنید کے بعد شرکت کرنے سے منظوری ... جنہوں نے احتجاجاً ... مسلم مجلس سے معترف بشیر خان کو مسلم لیگ جانے اور ٹکٹ ... کی اجازت ... کی۔ ...

انڈین مسلم لیگ بھی بھارتی مسلمانوں کے مفاد کیخلاف کانگریس کا ساتھ دینے پر مجبور ہوگئی

سب سے اہم بات سیاسی لیڈروں کی ایمانداری ہے ان میں اتنی جرأت ہونی چاہئے کہ حق بات کہہ سکیں جس سے عوام کے اندر یہ جوش پیدا ہو کہ وہ حق کی پاسداری کریں خواہ سیاسی طور پر یہ مہنگا ہی پڑے۔"

اکثریت کی طرف سے اقلیت کے لئے رعایت نہ سمجھی جانی چاہئے چاہے وہ اقلیت عیسائی، مسلمان، سکھ، بدھ یا پارسی کوئی بھی ہو۔

...

چھ جنوری ۱۹۸۲ ء کو ... اور اکثریتی بچوں کا حق۔

بھارتی مسلمانوں کی زبوں حالی پر دو جرگہ کیا گیا ہے

سابق کمیونسٹ ممبر پارلیمنٹ اسحاق سنبھلی کے اعداد کے مطابق اب تک ۸ ہزار کے قریب فرقہ وارانہ فسادات ہوئے جن میں ہزاروں مسلمان شہید ہوئے احمد آباد، جمشید پور، کلکتہ، رانچی، راوڑ کیلا، دہلی، مظفر نگر اور مراد آباد میں ہر جگہ پانچ سو سے اوپر ہی مسلمان شہید ہوئے۔ ... مکانات زمین بوس کئے گئے۔ ...

...

انڈین مسلم لیگ کانگریس کا ایک بازو

جہاں تک بھارتی مسلم لیگ کا تعلق ہے تو وہ بھارتی مسلمانوں کی نمائندگی نہیں کرتی۔ ...

...

پاکستان افغانستان کیلئے تجارتی راہداری کی سہولت منسوخ نہیں کریگا

ہم افغان عوام کے لئے کوئی مشکل پیدا نہیں کرنا چاہتے: صدر ضیاء کا اعلان

پشاور ـــــــ صدر جنرل ضیاء الحق نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان کو دی جانے والی تجارتی راہداری کی سہولت منسوخ نہیں کرے گا ...

بزنجو، تالپور اور پیر پگارا میں سے نائب صدر مقرر کیے جانے کا امکان

دوسرا نائب صدر مسلح افواج سے ہوگا، ناموں کا اعلان آئندہ چند ہفتوں میں کر دیا جائے گا

اسلام آباد ـــــــ ...

قابل اعتراض پمفلٹ ضبط کرلیا گیا

کوئٹہ ـــــــ ...

fortnightly
al-Hilal
VOL.10,NO.2 50 ¢
APRIL 5, 1981
Phone: 424-1989, 493-4374
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

چیف جسٹس سمیت اعلیٰ عدالتوں کے ۱۵ جج سبکدوش

جسٹس انوار الحق سپریم کورٹ کے ۲ سینئر ججوں اور ۱۲ ججوں نے مارشل لا کے حکم کے تحت نیا حلف اٹھانے سے انکار کر دیا تھا

جسٹس محمد حلیم کو سپریم کورٹ کا قائم مقام چیف جسٹس مقرر کر دیا گیا

وکلا کی طرف سے مارشل لا کے نئے عبوری آئینی حکم کی مذمت

راولپنڈی ——— [illegible]

[illegible]

پاکستان میں حزب اختلاف کو احتجاج کیلئے عوام کی حمایت حاصل نہ ہو سکی

ملک کے چند شہروں میں مظاہرہ۔ خواجہ خیر الدین کو بھی نظر بند کر دیا گیا

اسلام آباد ——— [illegible]

[illegible]

پاکستان میں مزید گرفتاریاں

اسلام آباد ——— [illegible]

[illegible]

[illegible]



سفر کا آغاز بھی عمرے سے اور اختتام بھی عمرے پر

بانی جیکرون کی پیشکش پیدا ہونے سے انکار کر دیا تھا اور اپنے بیٹے جاوید اور دیگر مسافروں کے ساتھ طیارے میں ہی ٹھہرنے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ بیگم انور جہاں نے بتایا کہ ان کے لڑکے جاوید نے انہیں یہ خواب سنایا۔ بیگم صاحبہ نے بتایا کہ اس وقت تو ہم اس خواب کی کوئی تعبیر نہیں کر سکتے تھے لیکن جب ہم نے بیت اللہ کو عمرہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی اور انہوں نے روضہ پاک پر حاضری دی تو اس خواب کی تعبیر آسانی سے سمجھ میں آ گئی کیونکہ یہ ایک سچا خواب تھا۔

بیگم انور جہاں کو بنارسی سوٹ کا تحفہ پیش کیا گیا

پشاور ——— [illegible]

مسافر کا خواب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یرغمالیوں کے سروں پر دست شفقت رکھا

پشاور (——— پ پ ا) پاکستانی طیارے میں سوار یرغمالیوں میں سے ایک مسافر نے کابل میں ایک خواب دیکھا کہ حضرت محمد ﷺ نہایت پیار اور محبت سے تمام یرغمالیوں کے سروں پر دست شفقت پھیر رہے ہیں۔ [illegible]